جیمنی پکچرز کا

घराना

اداکاران

...مسکار - آشا پارکھ
راجکمار

قیمت ۱ر

...ن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گھرانا کے گانے

گانا نمبر ۱

جے رگھونندن جے سیارام ہے دکھ بھنجن تمہیں پرنام
بھرات بھرات کو ہے پر بشور سنہ تمہی سکھلاتے
تیزناری کے پریم کی جیوتی جگ میں تمہی جلاتے
ادیتا کے کھیون ہارے جیون میں تمرد نام
تمہی دیا کے ساگر پربھو جی تم ہی پالن ہارے
جن تمہی سے پائے بیکل منوا ابھا تجھے سکارے
جو بھی تمری آس لگائے بنے اسی کا کام

گانا نمبر ۲: جب سے تمہیں دیکھا ہے آنکھوں میں تمہی تم ہو
ہم بھی یہی کہتے ہیں سانسوں میں تم ہی تم ہو
آگئے پیار کے دن یہ خودی چھانے لگی
مستیاں جھوم اٹھیں زندگی گانے لگی
دل کے نئے نغموں کی تانوں میں تم ہی تم ہو
جب سے پایا ہے تمہیں بھیگا بھیگا ہے سماں
جب سے چاہا ہے تمہیں ہر نظارہ ہے جواں
دل میں تمہی رہتے ہو یادوں میں تم ہی تم
دیپ خوشیوں کے سدا دل میں جلتے ہی رہے
پیار کی دنیا میں ہم ساتھ چلتے ہی رہے
کیوں نہ ملے منزل جب راہوں میں تمہی تم ہو

گانا نمبر ۳: حسن والے تیرا جواب نہیں

کوئی تم سا نہیں ہزاروں میں

تو ہے ایسی کلی جو گلشن میں ساتھ اپنے بہار لائی ہے

تو ہے ایسی کرن جو رات ڈھلے چاندنی میں نہا کے آئی ہو

یہ تیرا نور یہ تیرے جلوے جس طرح چاند ہو ستاروں میں

تیری آنکھوں میں ایسی مستی ہے جیسے چھلکے ہوئے ہوں پیمانے

تیرے ہونٹوں پہ وہ خاموشی ہے جیسے بکھرے ہوئے ہوں افسانے

تیری زلفوں کی ایسی رنگت ہے جیسے کالی گھٹا بہاروں میں

تیری صورت جو دیکھ لے شاعر اپنے شعروں میں تازگی بھر لے

اک مصور جو تجھ کو پا جائے اپنے خوابوں میں زندگی بھر لے

نغمہ گر ڈھونڈ لے اگر تجھ کو درد بھر لے وہ دل کے تاروں میں

گانا نمبر ۴: ہو گئی رے ہو گئی رے

میں تو اپنے بالما کی ہو گئی رے

لائی ہے رنگ میرے دل کی اُمنگ

میں تو ساجن کے سپنوں میں کھو گئی رے

باجے گی اب تو شہنائی مورے انگنا

آئیں گے لے کے برات مورے ساجنا

آئی بہار خوشیوں کی بھولا

میرے من کی چنریا بھگو گئی رے

ماتھے پہ بندیا لگاؤں میں پیار کی

ہاتھوں میں مہندی رچاؤں گی بہار کی

نندیا ہے جاگ اُٹھا میرا سہاگ
تیری دُنیا تو منہ ڈھک کے سو گئی رے

گانا نمبر ۵: میرے پتے کی بات نہ پوچھو میرا بنا ہیرا لہ ہے
کیوں نہ ہو اُس کی شان نرالی اُونچے گھرانے والا ہے
میری جی کے روپ سے گھر میں چاروں طرف اُجیالا ہے
اُس کے گورے مکھڑے کے آگے چاند کا رنگ بھی کالا ہے
دیکھے سمدھن تو میرے ما تھے پیچی نہ تیا
کون سُرخاب کا پر تیری دُلہن میں لگا
اُس کو دُنیا میں کوئی بھی پوچھنے والا نہ تھا
وہ تو دُلہا کو دُعا دے جو اُسے بیاہ لایا
تیری نبی کے گال ہیں یا پڑ پڑ میٹھی آنکھیں ہیں
ناک پکوڑا ہونٹ ہیں سو کھے اُلجھی اُلجھی زلفیں ہیں
میرا بنا ہے وہ شہزادہ جو نازوں کا پالا ہے
دیکھ نہ یوں میرے آگے تو بڑی بات نہ کر
ایسا ہے تیرا بنا جیسے ہو بھورا بندر
کر کے شادی کیا احسان دُلہن نے اُس پر
ورنہ ایسے کو بھلا کون بنا تا شوہر
تیرے نبی کی اُونٹ سی گردن سارس جیسی ٹانگیں ہیں
چوہے جیسے کان ہیں اُس کے کچھوے جیسی چالیں ہیں
میری نبی کا نازک مکھڑا ایسا متوالا ہے
بیٹھ سیدھی ارے سمدھن نہ دکھا یہ گرمی

مان لے ہار تو اب چھوڑ دے یہ ہٹ دھرمی
جاری جائیں نہیں ان باتوں سے دنیے دالی
تیرے منہ کون لگے یوں نہ دکھا یے شوخی
میرے تیئے کی ماس نکمی سسرے ہیں دس نمبر کے
میری بتی کی نند نکھٹو ڈھنگ برے ہیں گھر بھر کے
تیری دُلہن کا سارا گھرانا آفت کا پرکالا ہے
گانا نمبر ۵ :- نہ دیکھو ہمیں گھور کے جادو گر سیّاں
مچلے ہمارا جیا رے کے انگڑائیاں
مجھ پہ بھی ڈال گوری زلفوں کی چھیّاں
میں واری واری جاؤں رے رے کے بلیّاں
چوری چوری آ گئے کیسا یہ کمال ہے
آپ کو حضور میرا کتنا خیال ہے
ہائے گوری تیرے پیار نے کیا مجھے باورا
تیرے نیناں دیکھ میرا بُرا حال ہے
چھوڑ دو جی ہاتھ ورنہ دوں گی دوہیاں
نیناں تیرے سانوری میرے دل کے پار ہے
میٹھی میٹھی باتیں تیری کیسی مجھے دار ہیں
جھوٹی یہ خوشامدیں کرو نہیں بالما
دیکھو جی تمہارے لئے تو ہم بھی بے قرار ہیں
ایسی ہے بات پھر تو ڈال گلے بنیّاں
گانا نمبر ۶ :- یہ دنیا اُسی کی جو پیار کرے

بیریت سے دِل کا سنگار کرے
من میں نہ جس کے پیار کی لگن ہے
اُس کا جیون بھی کیا جیون ہے
سُنو سُنو جی کیا کہتی ہے پائل کی جھنکار — کیا؟
من میں جس کے جیون ہے۔ نظریں کسی سے تُو چار کرے
اپنی انکھیوں سے پردہ ہٹالے
من کی بگیا میں کلیاں کھلالے
سُنو سُنو جی کیا کہتی ہے پائل کی جھنکار
اپنی انکھیوں سے .... کلیاں کھلالے
تو بھی خزاں کو بہار کرے
گانا نمبر ۸ دادی آماں دادی اماں مان جاؤ
چھوڑو جی یہ غصہ ذرا ہنس کے دکھاؤ
چھوٹی چھوٹی باتوں پہ نہ جھگڑا کرو
غصہ ہو تو ٹھنڈا پانی پی لیا کرو
خالی پیلی اپنا کلیجہ نہ جلاؤ
دادی تمہیں ہم تو منا کے رہیں گے
کھانا اپنے ہاتھوں سے کھلا کے رہیں گے
چاہے ہمیں مارو چاہے ہمیں دھمکاؤ
کہو تو ہم تمہاری چمپی کر دیں
کہو تو تمہارے لیے حقہ بھر دیں
ہنسی نہ چھپاؤ ذرا انکھیں تو ملاؤ

ہم سے جو بھول ہوئی معاف کر دو ماں
گلے لگ جاؤ دل صاف کر دو ماں
اچھی سی کوئی کہانی ہم کو سناؤ

گانا کملہ:- یہ زندگی کی الجھنیں یہ غم کی مہربانیاں
بس اب تو موت ہی ملے تو ختم ہوں کہانیاں
او میرے پیار کی کلی کھلی رہے تو عمر بھر
میں کتنی بدنصیب ہوں کہ جا رہی ہوں چھوڑ کر
یہ تیری مسکراہٹ یہ تیری بے زبانیاں
بس اب تو غم سے ہار کے پکارتا ہے دل یہی
بجھا دے اس چراغ کو جو دے سکے نہ روشنی
مٹا دے ایسی زندگی ہو جس میں بدگمانیاں

ختم شد

ایک لاجواب غضب کا جاسوسی ناول

ڈاکٹر فومنچو کا سایہ

جس کو پڑھنے سے جسم کے رونگٹے کھڑے ہو جائیں گے۔ ڈاکٹر فومنچو دنیا کی عجیب و غریب ہستی جس کے کارنامے آپ کو حیرت میں ڈال دیں گے۔

320 صفحات کی مجلد کتاب قیمت -/4/- ڈاک خرچ معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

عملیات تسخیر محبوب عرف
ہمدرد عشاق

اگر آپ کا دل کسی کافر جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہے اور کامیابی کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی۔ منت سماجت کرتے کرتے آپ مایوس ہو چکے ہیں۔ تو آج ہی ہماری یہ کتاب طلب فرمائیے۔ اس کے بہترین عملیات تیر بہدف ثابت ہو چکے ہیں۔ جن پر عمل کرنے اور اعتقاد رکھنے سے آپ اپنا مقصد ضرور پورا کر سکتے ہیں۔ ہزار ہا اشخاص کا بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس کا کوئی عمل کبھی خطا نہیں جاتا۔ آپ اس نادر چیز سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائیے۔

قیمت صرف -/۱/۔ محصولڈاک معاف

اندر جال کلاں عرف استاد جادوگراں

جادو کی وہ مشہور کتاب ہے جس کے لئے اردو دان اصحاب ایک مدت سے متجس تھے۔ ہم نے زر کثیر خرچ کر کے اسے شائع کرایا ہے۔

قیمت صرف -/۴/۔ محصولڈاک معاف

زین ابنڈ کو پبلیشرز دریبہ کلاں دہلی